ESKP-09XII01

اردو لازمی (نہم) نئی کتاب

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 36

2. مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. میر تقی میر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟
ii. ہمارے کاموں میں برکت کیوں باقی نہیں رہی؟
iii. چھوٹی سفید بلی کی ذہانت کا کوئی واقعہ لکھیں۔
iv. صاحب خانہ کو اپنے گھر میں آرام وسکون کیوں نہ مل سکا؟
v. باپ نے اپنے اعمال نامے کے بارے میں بیٹے سے کیا کہا؟
vi. تخلص سے کیا مراد ہے؟ دو شعراء کے تخلص لکھیں۔
vii. مرکب ناقص سے کیا مراد ہے؟ مثالیں دے کر وضاحت کریں۔
viii. جب ماما گھر میں آئی تو دستر خوان پر چیزیں کیوں کم ہونے لگیں؟
ix. اگر کسی کی بات ناگوار لگتی تو آپ ﷺ کیا فرماتے تھے؟
x. شاکرہ کو بوڑھی دایہ پر کیا شک تھا؟
xi. "نیلی جھیل" کی خوبصورتی کا منظر تحریر کریں۔
xii. وہم پرستی پر نوٹ لکھیں۔

سیکشن - ج

نمبر: 24

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات حل کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف) ایک شخص سوکھا سہا دبلا پے کے مارے نقتا ہوا کی حالت ہو رہا تھا اس انبوہ میں نہایت چالاکی اور پھرتی سے پھر رہا تھا۔ اس کے ہاتھ میں ایک آئینہ تھا، جس میں دیکھنے سے شکل نہایت بری معلوم ہونے لگتی تھی۔ وہ ایک ڈھیلی ڈھالی پوشاک پہنے تھا۔ جس کا دامن، دامن قیامت سے بندھا تھا۔

(ب) آخر حاضرات کی ٹھہری، چھوٹی بی جی آئینے کے سامنے بٹھائی گئی۔ جنوں کے بادشاہ نے اُن سے چور کا حال پوچھا۔ چھوٹی بی بی تو میری جان کی دشمن تھیں ہی، انہوں نے میرا نام لے دیا۔ لیکن کسی کو یقین نہ آیا، مگر بڑے سرکار کچھ کھٹک گئے۔ شاید میرے اور ماما جی کے زیادہ میل جول سے ان کو خیال پیدا ہو گیا۔ ماما جی سمجھیں، چلو یہ مال بھی ہضم ہوا۔

4. شاعر کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف)
تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط ان کو | جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا
نشے میں وہ احسان کے سرشار ہیں اور بے خود | جو شکر نہیں کرتے نعمت پہ ادا تیرا

(ب)
یہی مقصودِ فطرت ہے یہی رمزِ مسلمانی | اخوت کی جہانگیری، محبت کی فراوانی
بتانِ رنگ وخوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا | نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی، نہ افغانی

5. شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔

(الف)
تلاشِ یار میں کیا ڈھونڈیے کسی کا ساتھ | ہمارا سایہ ہمیں، ناگوار راہ میں ہے
سفر ہے شرط مسافر نواز بہتیرے | ہزار ہا شجر سایہ دار راہ میں ہے

(ب)
عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن | دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ | قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

6. اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اس معاشرے میں پھیلی ہوئی برائیوں سے بچنے کی تلقین کریں۔ (یا)

درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

اتفاق کے قائم رکھنے کی، جس کی ہمیں ضرورت ہے ایک اور عقلی ونقلی راہ موجود ہے، جس کی پیروی قومی اتحاد کا ذریعہ ہو سکتی ہے۔ انسان جب اپنی ہستی پر نظر ڈالے گا، تو وہ اپنے امور میں دو حصے پائے گا۔ ایک کا تعلق خدا سے ہے اور دوسرے ایک حصے کا ابنائے جنس سے۔ انسان کا دل، اس کا اعتقاد، اس کا مذہب خدا کا حصہ ہے۔ جس میں کوئی دوسرا بندہ شریک نہیں ہے۔

سوالات:
i. اتفاق قائم رکھنے کی ضرورت کیوں ہے؟
ii. کس چیز کی پیروی قومی اتحاد کا ذریعہ ہو سکتی ہے؟
iii. انسانی ہستی کے کن امور کا تعلق خدا سے ہے؟
iv. انسانی ہستی کے دوسرے حصے کا تعلق کس سے ہے؟